اسلام عملی مذہب ہے ۴ر۔ فترت ختم ۴ر۔ شیطان کے فریب ۳ر۔ ثواب و عذاب ۵ر۔ اسلام میں دستور کی تلاش ۱۰ر۔ جہاد و قتال، غلام اور کنیزیں ۱۰ر۔ اقلیت و اکثریت ۸ر۔ اسلام میں نظام اطاعت ۵ر۔ اسلام عقل و تجربہ کی روشنی میں ۴ر۔ عید قربان ۴ر۔

اسلامی زندگی مؤلفہ: جناب نصر اللہ خاں عزیز مدیر ایشیا، لاہور۔ ناشر کوثر بک ایجنسی لاہور۔ قیمت دو روپے چار آنے۔

یہ کتاب عزیز صاحب نے جیل کی خلوتوں میں بڑے دلی تاثرات کے ساتھ لکھی ہے۔ اس میں عقائد و عبادات، اخلاق و معاملات اور حکومت و سیاست کے تین بڑے موضوعات کے تحت بہت سارے چھوٹے عنوانات قائم کرکے سبق آموز واقعات و اقوال کا ایک خزانہ جمع کیا گیا ہے۔ قرآن کے نقشے پر رسول اکرم نے جو سوسائٹی بنائی تھی اس کی روزمرہ زندگی کے عملی ریکارڈ سے مؤلف نے وہ بیش قیمت اجزا اخذ کرکے ہمارے سامنے رکھے ہیں جن سے اسلامی زندگی بنتی ہے۔ کچھ چیزیں صحابہ کے دور کے بعد کے صلحاء کی سیرتوں سے بھی لی گئی ہیں۔ یہ کتاب اس قابل ہے کہ گھر گھر میں موجود رہے اور مردوں، عورتوں اور بچوں کے لیے ذریعۂ استفادہ ہے۔

ماہنامہ تذکرہ۔ سالنامہ بہ ادارت جناب بشیر محمد۔ مقام اشاعت: آرام باغ، فریئر روڈ، کراچی۔ قیمت سالنامہ عہ۔ چندہ سالانہ چار روپے۔

یہ ایک مفید مطالعہ دینی ماہنامہ ہے جس کا پیش نظر سالنامہ مارچ میں شائع ہوا تھا۔ یہ سالنامہ دلچسپ اور معلومات افزا اور اخلاق آموز مضامین نظم و نثر کا مجموعہ ہے۔

اسباق النحو از مولانا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ علیہ۔ ناشر: دائرہ حمیدیہ، سرائے میر، اعظم گڑھ۔ قیمت حصہ اول ۱۲ر حصہ دوم ۱۲ر

عربی علم نحو کی تعلیم کے لیے دو حصوں میں یہ مختصر کتاب نئے اسلوب سے لکھی گئی ہے۔ اس میں کوشش یہ کی گئی ہے کہ قواعد نحو ایک منطقی سسٹم کے تحت آجائیں۔ یہ مجتہدانہ کوشش حیرت انگیز حد تک کامیاب نظر آتی ہے۔ اساتذہ، طلبا اور دیگر شائقین بطور خود مطالعہ کریں۔